www.KitaboSunnat.com

قارئین کرام سے ___ محدث کے بارے میں

قارئین کرام نے "محدث" کی پہلی اشاعت کے بعد ہمیں جس طرح تحسین و تبریک کے کلمات سے نوازا ہے ہم ان کے انتہائی مشکور رہیں اور امید کرتے ہیں کہ ہمارے احباب اسی طرح خصوصی توجہ اور نیک دعاؤں سے ہمیں یاد رکھیں گے اگر اللہ تعالیٰ کا فضل خاص ہمارے شامل حال نہ ہوتا تو ہم "محدث" کو اس صورت میں پیش نہ کر سکتے۔ ہم اپنی کوتاہ ہمتی کے بلا تامل اعتراف کے ساتھ بعون اللہ کوشش کریں گے کہ ملت اسلامیہ کا یہ علمی اور اصلاحی مجلہ اپنی ظاہری و باطنی خوبیوں کے ساتھ اپنے عظیم مقاصد کو بزود حاصل کرے اور اس کا معیار ترقی بلند سے بلند تر ہو

اصحاب علم اور ارباب قلم اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ اس قسم کے مجلات کا جاری کرنا اور انھیں ترقی دینا کتنا مشکل ہے ؟ اور اس کے لیے کس قدر مالی اور ذہنی قربانیوں کے ساتھ جانفشانی کی ضرورت ہوتی ہے مگر "مجلس التحقیق الاسلامی" لاہور کے صاحب علم و فضل اراکین و معاونین کے اخلاص اور

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بے لوث خدمتِ دین کے جس جذبہ سے یہ سلسلہ شروع ہُوا ہے اس سے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے مقاصد میں جلد کامیاب کریں گے۔

"محدث" کی پہلی اشاعت میں تاخیر کی وجہ سے ہم نے "مجلس التحقیق الاسلامی" لاہور کے جملہ مضامین حذف کر دیے تھے کیونکہ وہ رمضان سے متعلق تھے اور رمضان کے گزر جانے کی وجہ سے ہم حسب اعلان رمضان اور شوال کی اکٹھی اشاعت مناسب نہ سمجھتے تھے اس لیے ادارہ نے پہلا شمارہ ۴۶ صفحات میں پیش کیا۔ جسے دسمبر ۱۹۷۰ء کے دوسرے دھاکے میں حوالہ ڈاک کیا گیا۔ اب ہم اپنا نظام درست کرنے کے لیے تقریباً ڈیڑھ ماہ بعد محدث برائے جنوری و فروری ۱۹۷۱ء اکٹھا پیش کر رہے ہیں جس کی ضخامت صفحات محدث کی مجوزہ ضخامت ۴۸ صفحات سے بڑھا کر ۸۰ صفحات کر دی گئی ہے۔ پہلا شمارہ بھی ۴۶ صفحات تھا۔ اس طرح سے ہم نے دو اشاعتوں میں تین ماہ کے تین شمارے پیش کر کے آئندہ کے لیے حساب درست کیا ہے۔

احباب کو علم ہے کہ اس قسم کی مشکلات رسالوں کو ابتداء میں پیش آیا کرتی ہیں اس لیے امید ہے کہ وہ ہمیں معذور فرمائیں گے۔

آئندہ باقاعدہ مہینہ وار مجلہ احباب کے لیے ہر انگریزی مہینہ کے اوائل میں حوالہ ڈاک کر دیا جایا کریگا۔ ان شاء اللہ۔ (ادارہ)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ